صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 06 دسمبر 2016ء بمطابق 06 ربیع الاوّل 1438 ہجری بعداز دوپہر تین بجکر پچپن منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اوراس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیم۔
فَاسۡتَقِمۡ كَمَاۤ اُمِرۡتَ وَمَنۡ تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطۡغَوۡا‌ ؕ اِنَّهٗ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِيۡرٌ o وَلَا تَرۡكَنُوۡۤا اِلَى الَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ ۙ وَمَا لَـكُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ مِنۡ اَوۡلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنۡصَرُوۡنَ o وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَىِ النَّهَارِ وَزُلَـفًا مِّنَ الَّيۡلِ‌ ؕ اِنَّ الۡحَسَنٰتِ يُذۡهِبۡنَ السَّيِّاٰتِ‌ ؕ ذٰ لِكَ ذِكۡرٰى لِلذّٰكِرِيۡنَ o وَاصۡبِرۡ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيۡعُ اَجۡرَ الۡمُحۡسِنِيۡنَ۔

(ترجمہ): سو (اے پیغمبر) جیسا تم کو حکم ہوتا ہے (اس پر) تم اور جو لوگ تمہارے ساتھ تائب ہوئے ہیں قائم رہو۔ اور حد سے تجاوز نہ کرنا۔ وہ تمہارے سب اعمال کو دیکھ رہا ہے۔ اور جو لوگ ظالم ہیں، ان کی طرف مائل نہ ہونا، نہیں تو تمہیں (دوزخ کی) آگ آ لپٹے گی اور خدا کے سوا تمہارے اور دوست نہیں ہیں۔ اگر تم ظالموں کی طرف مائل ہوگئے تو پھر تم کو (کہیں سے) مدد نہ مل سکے گی۔ اور دن کے دونوں سروں (یعنی صبح اور شام کے اوقات میں) اور رات کی چند (پہلی) ساعات میں نماز پڑھا کرو۔ کچھ شک نہیں کہ نیکیاں گناہوں کو دور کر دیتی ہیں۔ یہ ان کے لئے نصیحت ہے جو نصیحت قبول کرنے والے ہیں۔ اور صبر کیے رہو کہ خدا نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔ وآخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِینَ۔

رسمی کارروائی

جناب سپیکر: 'کوئسچنز آور' :۔۔۔۔۔

جناب عنایت اللہ {سینئر وزیر (بلدیات)}: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی، عنایت خان۔

سینئر وزیر (بلدیات): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب! میں آپ کا مشکور ہوں آپ نے مجھے موقع دیا اور کل نادرا کے نامناسب رویہ کے حوالے سے بات ہوئی تھی لیکن ہماری بدقسمتی ہے کہ ہمیں یہ تلخ چیزیں جو ہیں اسمبلی کے اندر اٹھانی پڑتی ہیں کیونکہ اس Forum کے علاوہ ہمارے پاس کوئی دوسرا ذریعہ نہیں ہے کہ جس کے ذریعے سے ہم اپنے لوگوں کی نمائندگی کر سکیں، خیبر پختونخوا کے لوگوں کی نمائندگی کر سکیں، ان کے جو Grievances ہیں ان کو Address کر سکیں۔ جناب سپیکر صاحب! آج آپ کے دفتر میں DFID، Department for International Development کے Country Director کی آپ کے ساتھ میٹنگ تھی، ان کے ساتھ ان کے Delegation میں تین لوگ شامل تھے اور انہوں نے Formally, properly آپ سے وقت لیا ہوا تھا اور اس میٹنگ کے اندر آپ کے ساتھ، مختلف ڈیپارٹمنٹس کے منسٹرز اور باقی لوگ بھی موجود تھے لیکن At the eleventh hour آپ کو اطلاع ملی اور یہاں یہ اطلاع ملی کہ فارن آفس کی طرف سے ان کو این او سیز نہیں دیئے گئے پشاور کی Traveling کی اور اس لئے وہ نہیں جا سکتے ہیں۔ جناب سپیکر، خیبر پختونخوا ایک آفت زدہ، مصیبت زدہ، تکلیف زدہ اور بم زدہ صوبہ ہے اور یہاں Stability تب آئے گی کہ یہاں انویسٹمنٹ آئے گی، باہر سے لوگ آئیں گے، وہ Freely یہاں آ کر یہاں کی حکومتوں کے ساتھ Interact کریں گے اور اس کے نتیجے میں یہاں Economic activity ہو گی، اسی طریقے میں یہاں کوئی بہتری آ سکے گی اور یہاں Stability اور امن آ سکے گا۔۔۔۔۔

(عصر کی اذان)

سینئر وزیر (بلدیات) یہ بات جو خیبر پختونخوا کے اندر Foreigner آتے ہیں تو ان کو این او سی لینا پڑے گی اس نے ہمارے صوبے کو Stigmatize کیا ہے اور یوں لگتا ہے کہ یہ ہمارا صوبہ جو ہے یہ سب سے کوئی

بدتر صوبہ ہے کہ جہاں آنے کے لئے اور جہاں مومنٹ کے لئے آپ کو فارن آفس کی اور باقی ایجنسیز کی سیکورٹی لینے،اس کی این او سی لینا پڑے گی، یہ Atleast اس چیز سے Provincial Capital کو Exclude کرنا چاہیئے تھا کہ یہاں چیف منسٹر رہتے ہیں، یہاں منسٹرز ہوتے ہیں، یہاں ایڈ منسٹر یٹیو سیکر ٹر یز ہوتے ہیں، یہاں Foreign donors آتے ہیں،ان کے ہمارے ساتھ پروجیکٹس چلتے ہیں، ان کے ساتھ Interact کرنا پڑتا ہے لیکن مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ یہ بات ایک سال پہلے فیڈرل گورنمنٹ کے ساتھ Tack up کی گئی، میں ان میٹنگز کے اندر خود موجود تھااور فیڈرل منسٹر نے اس پہ خود اظہار تعجب کیا کہ ہمیں تو یہ پتہ نہیں ہے کہ خیبر پختونخوامیں جانے کے لئے کسی این او سی کی ضرورت ہوتی ہے، میں سمجھتاہوں کہ اگر پنجاب میں اور سندھ میں جانے کے لئے این او سی کی ضرورت نہیں ہے تو مجھے بتا دیا جائے کہ خیبر پختونخوا کے اندر آنے کے لئے این او سی کی کیوں ضرورت پڑتی ہے۔ میں پوچھنا چاہتا ہوں وفاقی حکومت سے کہ کیوں یہاں آنے کے لئے این او سی کی ضرورت پڑتی ہے اور کیوں وہ انٹر نیشنل انویسٹمنٹ کو International Delegation کو اور Developments کو سٹاپ کرنے کے لئے یہاں خیبر پختونخوا کے اندر، ہمارے ساتھ یہ امتیازی سلوک کیوں ہوتا ہے؟ جب ہم بات اٹھاتے ہیں کہ ہمارے ساتھ امتیازی سلوک ہو رہا ہے، سی پیک کے اندر ہو رہا ہے، ہمارے ساتھ نادرا کے اندر ہو رہا ہے تو ہمیں لوگ کہتے ہیں کہ آپ منافرت پھیلاتے ہیں، آپ صوبائیت کو ہوا دیتے ہیں، نہیں ہم صوبائیت کو ہوا نہیں دیتے ہیں، ہم فیڈریشن کی بات کرتے ہیں، وفاق کی بات کرتے ہیں اس لئے میں سمجھتا ہوں ہم اس پہ احتجاج کرتے ہیں، بھرپور احتجاج یہ اسمبلی کرتی ہے اور ہمارا احتجاج تھرو الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا بھی چلا جائے اور ہمارا یہ احتجاج تھرو ریزولیوشن میں چلا جائے کہ ہمارے ہاں اگر کوئی مہمان Provincial capital آتا ہے تو اس کو سیکورٹی دی جائے، اس کو ہم سیکورٹی دینگے اور اگر پنجاب میں جانے کے لئے کسی این او سی کی ضرورت نہیں ہے اور اگر وہاں وہ جاتے ہیں Freely جاتے ہیں، ہمیشہ جاتے ہیں تو ہمارے ہاں آنے کی کیوں پابندی ہے؟ میں سمجھتا ہوں کہ یہ بڑی زیادتی ہے اور اس زیادتی کو Dispel کرنے کے لئے میں نے آج یہ نکتہ اٹھایا ہے، میں سمجھتا ہوں اس پہ اگر کوئی بات کرنا چاہتا ہے، پارلیمنٹری لیڈر بات کرنا

چاہتا ہے، ان کو بھی موقع دیا جائے اور اس پہ ریزولیوشن پاس کی جائے کہ خیبر پختونخوا کے ساتھ کوئی اس قسم کا جو امتیازی سلوک برتا جارہا ہے، اس کا ازالہ کیا جائے۔ تھینک یو ویری مچ۔

جناب سپیکر: سلیم خان چترالی، سلیم خان چترالی۔

جناب سلیم خان: شکریہ جناب سپیکر صاحب، جس طرح سینیئر منسٹر صاحب نے یہ نکتہ اٹھایا ہے، واقعی یہ بہت حد تک سیریس ایشو ہے، جب تک یہاں پہ مختلف ڈونرز نہیں آئیں گے، یہاں پہ این جی اوز نہیں آئیں گی تو ہمارے صوبے کی جو حالت ہے، دہشتگردی سے، سیلاب سے، زلزلہ سے ایک تباہ شدہ صوبہ ہے اور وفاق کا جو رویہ ہے ہمارے ساتھ، جس طرح وفاق کا جو رویہ فنڈ کے ریلیز کے حوالے سے بھی ہے صوبے کے ساتھ، اس کو بھی ہم Condemn کرتے ہیں اور جو فارنرز ہیں یا جو ڈونرز ہیں، ان کو اگر ادھر نہیں چھوڑا جارہا تو اس کو بھی ہم Totally condemn کر رہے ہیں۔ ہونا تو یہی چاہیئے تھا کہ وفاق زیادہ سپورٹ کرتے اس صوبے کو اور اس صوبے کے مسائل کو سنجیدگی سے لے کے، ان مسائل، ان ایشوز کے اوپر ہماری لیڈرشپ کے ساتھ بیٹھ کے ہمارے مسائل حل کرتے مگر افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ وفاق بار بار مسلسل ہمارے اس پسماندہ اور غریب صوبے کے ساتھ سوتیلی ماں کا سلوک کرتا آرہا ہے، تو یہ میرے خیال میں فیڈرل گورنمنٹ کو زیب نہیں دیتا اور دوسری بات یہ کہ الحمدللہ پہلے جو حالات تھے، صوبے کے اندر جو دہشتگردی تھی، آئے دن یہاں پہ جو واقعات ہوتے تھے مگر الحمدللہ ابھی وہ حالات اور وہ واقعات نہیں ہیں، یہاں کے حالات پہلے کی نسبت بہت بہتر ہو چکے ہیں، یہاں پہ ڈونرز کے لئے، Foreigners کے لئے بہت ایک اچھا ماحول Create ہو چکا ہے اور دوسری بات یہ ہے کہ پراونشل گورنمنٹ بھی ذمہ دار ہے ان سب کو سیکورٹی دینے میں، ان کو تحفظ دینے میں، اگر یہ Donors یہ Foreigners اسمبلی سیکرٹریٹ تک نہیں آسکتے تو وہ پاکستان کے دور دراز علاقے ہیں، وہاں کیسے جاسکیں گے؟ تو میرے خیال میں یہ بہت افسوس کی بات ہے، اس کو ہم بھی Condemn کر رہے ہیں، یہ نہیں ہونا چاہیئے ہمارے ساتھ، تھینک یو ویری مچ۔

جناب سپیکر: نوابزادہ ولی محمد، جی نوابزادہ ولی محمد صاحب، جی جی۔

نوابزادہ ولی محمد خان: ډیره مهربانی سپیکر صاحب، زمونږ عنایت صاحب او پرون دوئ د شناختی کارډ په باره کښې ډیر یو ښه موزون بحث دغه کړے وو او نن هم تا سو

ډیره ښه موقع را کړله چې یره په دې باندې لږ بحث ومباحثه اوشی۔ چونکه اکثر زمونږ په کے پی کے کښې د ډیرو خلقو کارډونه چې کوم دی جی، هغه بلاک دی او پروسیجر ئے هغې حده پورې هغوی ګران کړے دے یا به د آئی ایس آئی نه یا د سپیشل برانچ نه لکه ډیر لوئے Lengthy procedure ئے دے لهذا زه به په دے کښې دا اوایمه چې اکثر دخلقو هغه کاروبارونه دی یا نور څه دی یا دچا ویزې دی یا په څه مسائل دی، په هغه ټولوباندې دې عوام ته ډیر زیات تکلیف دے جی۔ چونکه دې دپاره یو دا تجویز د جوړ شی یا چې څومره هغه مقامی کسان دی، هغوی دپاره یا ډی سی شته، اے سی شته او تحصیلدار د د دوئ دا دغه د اوکړی او شارټ کټ راسته د دوئ ته اختیار کړی چې د دې خلقو دا کارډونه چې دی، کم ازکم زما په خیال څه 76 که 77 هزار کسانو چې کوم دی هغه کارډونه په کے پی کے کښې بلاک دی او دې خلقو ته خو ډیر غټ مشکلات دی نو زه به دا اوایمه چې د دې ځائے نه یو متفقه قرارداد د په دې باندې پاس شی یا د داسې یو څه ذریعه د دې له جوړه شی چې دا خلق چې کوم دی دا دې عذاب نه خلاص شی جی تهینک یو ډیره مهربانی جی۔

جناب سپیکر: متفقه قرارداد کے لئے نوابزادہ ولی محمد صاحب نے کہا ہے تو آپ لوگ اب ایک ریزولیوشن بنائیں تاکہ ہم اس کو پاس کرلیں۔ ابھی آجاتے ہیں جی، ایک منٹ، یہ صاحبزادہ ثناءاللہ صاحب کل والی بات کرنا چاہتے ہیں، وہ آپ جلسہ کریں یار! اس کے لئے جی جی، نوابزادہ، سوری ثناءاللہ صاحب صاحبزادہ ثناءاللہ صاحب، اس کے بعد میں آپ کو دیتا ہوں۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: دوئ د خبره اوکړی خیر دے جی، دوئ د خبره اوکړی، زه به روستو کوم، هغه دغه فوټو سټیټ ټول راوړی جی نو بیا به قرارداد راوړو جی۔

جناب سپیکر: اوکے، اوکے، شوکت خان۔ اوکے مفتی فضل غفور به خبرې کوی، ته په دې ایشو باندې خبرے کوې؟

جناب شوکت علی یوسفزئی: آؤ جی۔

جناب سپیکر: ښه شوکت خان! هم په دې ایشو باندې، پلیز شوکت خان شوکت یوسفزئی۔

جناب شوکت علی یوسفزئی: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ ډیرہ شکریه جناب سپیکر، دوئ چې دا کومه خبره اوکړه جی زیات تر زما حلقه ډیره زیاته متاثره ده ددې نه، دا مومندان هم شته، دلته کښې آفریدیان هم شته، دلته کښې یوسفزئی هم شته، دلته کښې ډیر مختلف دغه دی او هغه صرف په دې وجه بلاک دی چې هغه یا دمومندو سره تعلق لری یا دهغې شکل صورت وائی دا افغانیان دی نو څنګه چې دغه خبره اوکړه سردار صاحب زه هغوی سره Agree کوم چې څه طریقه کار ورله راوباسئې داسې نه چې یو سړے په کالونو باندې دهغه پاسپورټ، یا پاسپورټ نشی جوړولې په کالونو دهغه شانختی کارډ بلاک وی، مونږ سره مختلفې ایجنسئ دی، دهغوی نه مونږه استفاده کولے شو، دچا باره کښې چې معلومات کول وی نو هغې دپاره یو ټائم پیریډ مقرر کړی، دا نه چې یو سړے دس هزار روپئ ورکړی دهغه کارډ کهلاوشی نو چې چا سره پیسې نه وی نو هغه په کالونو انتظار کوی، نو زه وایم دا یو شے دغه کړئی۔ دویم جناب سپیکر! د ګیس ایشو دا زما په حلقه کښې دومره زیات پرابلم دے چې په اوړی کښې راته بجلی نه وی، په ژمی کښې راته ګیس نه وی نو اخر دا خلق چرته لاړ شی؟ دا د بنار خلق دے ټوټل ګیس بل ورکوی، ټوټل د بجلئ بل ورکوی recovery 100% ده هغې باوجود ګیس نشته نو یاخو دا ګیسونه چې دی دا ګیس دوئی Commercial purposes د پاره زیات استعمالوی، سی این جی پمپونه چونکه دوئی ته کمیشنې ملاویږی هغه سی این جی پمپونو ته هغه ګیس واړوی نو خلق چې دے، ماشومان سحر ناشته نشی کولے۔ هغه ورځې زمونږ کورونو مخې ته خبرې کوی کنځلې راته کوی نو اخر دا مهربانی اوکړئ چې دا جی ایم ګیس دلته رااوغواړئ، ددې څه حل رااوباسئ، پوره بنار ددې نه متاثره دے، اخر مونږ څه قصور کړے دے، یو سړے بل هم ورکوی او تاسو پرې هغلته کښې سی این جی پمپونو ته چرته کمے رانغلو دګیس خو یو کور به وی، دهغې ماشومان او داسې وخت کښې لوډشیډنګ کوی دا ظالمانان چې یا به سحر کښې کوی یا به د پخلی په ټائم کښې کوی، نو یا خو فرض کړه که لوډشیډنګ کوی، د هغې د پاره د داسې Timing مقرر کړی چې ماشومان د هغې نه نه متاثره کیږی۔ زه ستاسو ډیر مشکوریم۔

جناب سپیکر: شکریہ مفتی فضل غفور صاحب۔

مولانا مفتی فضل غفور: شکریه جناب سپیکر!دا زمونږ د دې صوبې يو ډيره لويه المیه ده جی چې يو طرف ته مونږه د پاکستان د سالمیت او د بقاء جنګ لړاوؤ او بل طرف ته هغه Mostly affected area د هغې د Rehabilitation د پاره که دلته رفاحی اداري راځی او خیراتی اداري راځی او هغه په خپل فنډ باندې زمونږ سره څه تعاون کول غواړی، د هغې په لاره کښې رکاوټ او مشکلات مخې ته راځی جناب سپیکر!دا ټهیک ده چې دا يو ډير Sensitive zone دے او دا د ډير لوئے بدامنئ سره مخامخ وه خو د هغې معنیٰ دا نشی کیدلے چې دلته مونږه يکسر داسې مکمل پابندی اولګوؤ، پکار ده Security clearance د هغوی کیږی، پکار ده Security verification د هغوې کیږی او د هغې نه وروستو هغوی ځی دلته د خدماتو ورکولو موقع په لاس باندې ورکولے کیږی، دا امتیازی سلوک د دې صوبې سره مونږه به بالکل د دې غندنه کوؤ مونږ به د دې مخالفت کوؤ او زما به دا خواهش وی چې په دیکښې يو جوائنټ ریزولیوشن په دې حواله باندې راوړلے شی او ټول پارلیمانی لیډران د هغوې ځاې يو جرګه په دې حواله باندې جوړه کړلے شی او دوفاق سره دا مسئله راپورته کړی او دا سمبلئ د طرف نه پرې قرارداد هم جمع شی۔ جناب سپیکر!زمونږ د پارټی موقف دادې چې مونږ د دې صوبې د مفاداتو په حواله باندې د حکومت ملګرتیا به کوؤ او د غې هاؤس کښې چې څومره ناست دې، پارټو مشران دی، مونږبه انشاءالله بیا هغوی سره شانه بشانه ولاړ یو جی، مننه ۔

جناب سپیکر: نلوٹھا صاحب، اورنگزیب نلوٹھا صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ جناب سپیکر صاحب !انتہائی اہم ایشو کل بھی یہاں پہ ڈسکس ہوااور آج پھر میں سمجھتا ہوں کہ جناب سپیکر صاحب ! کل جب میں بات کر رہا تھا تو عنایت اللہ خان، اگر منسٹر صاحب متوجہ ہوں، عنایت اللہ خان صاحب، تو میں نے جب بات کی، میں نے کہاں ہم بالکل اس سے کوئی اختلاف نہیں رکھتے ہیں کہ جو شناختی کارڈ ہمارے صوبے کے لوگوں کے بند ہوئے ہیں، بالکل ان کے اوپر ہم آپ کے ساتھ Interior Minister Sahib سے ملنے کے لئے بھی تیار ہیں اور جتنا ہم سے ہو سکا پی ایم ایل

(این) کے ذمہ دار ہونے کے حیثیت سے تو ہم آپ کے ساتھ ہوں گے لیکن جناب سپیکر صاحب! میں نے جب بات کی تو انہیں غصہ آ گیا تھا، عنایت اللہ خان صاحب کو میں نے کہا تھا کہ جو مرکزی مسائل ہیں ہمارے صوبے کو، وہ بھی ہمیں حل کروانے چاہئیں، یہاں پہ ان کو Raise کرنا چاہیئے لیکن جو صوبے کے اندر کے جو مسائل ہیں وہ بھی ہمیں Raise کرنے چاہئیں اور میں نے ایک مسئلے کی نشاندہی کی اور انہیں غصہ آ گیا تھا کہ جی ہم نے جو ایشو اٹھایا ہے، نلوٹھا صاحب اس کو مطلب ہے دوسری طرف لے جا رہے ہیں اور یہیں پہ اس مسئلے کے ساتھ لوڈ شیڈنگ کا بھی ذکر ہوا، گیس کا بھی ذکر ہوا اور این ایف سی کا بھی اور بہت سی چیزوں کا، جناب سپیکر صاحب! میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس ہاؤس کے اندر جتنی سیاسی جماعتیں موجود ہیں، ان سب سیاسی جماعتوں کی نمائندگی قومی اسمبلی میں بھی ہے جناب سپیکر صاحب! اور سینیٹ میں بھی ہے اور اگر کوئی سیاسی جماعت قومی اسمبلی کے اجلاس میں نہ جانا پسند کریں تو وہ قصور پی ایم ایل (این) کا نہیں ہے یا کوئی اور سیاسی جماعت وہاں سے اختلاف کریں تو وہ ہمارا قصور نہیں ہے، میں یہ سمجھتا ہوں کہ عنایت اللہ خان صاحب کی جماعت کی بھی نمائندگی مرکز میں قومی اسمبلی میں موجود ہے، سینیٹ میں بھی موجود ہے، وہاں پہ ہمارے ایم این ایز حضرات، سینیٹرز صاحبان کو، صوبے کے مسائل جس جگہ حل کرنے کی ضرورت ہے، وہاں پہ اٹھانے چاہئیں یہ فورم بھی ہمارے لئے میں سمجھتا ہوں کہ بہت قابل احترام معتبر فورم ہے، ہمیں صوبے کے مسائل یہاں پہ بھی اٹھانے چاہئیں جو مرکزی حکومت کے ساتھ ہوں، جو دوسرے اداروں کے ساتھ ہوں لیکن وہ ایک بہترین فورم ہے، تو میں سمجھتا ہوں کہ اپنے تمام ہمارے جو قائدین وہاں پہ بیٹھے ہوئے ہیں، ان کو چاہیئے کہ یہ جو ہماری رکاوٹیں ہیں، صوبے کے عوام کو مشکلات ہیں، انہیں وہاں پہ Raise کرنا چاہئیں اور میں اس سے کوئی اختلاف نہیں رکھتا، نہ میری پارٹی اختلاف رکھتی ہے، ہم یہ سمجھتے ہیں کہ جو ہمارے صوبے کے عوام کو مشکلات ہیں، شناختی کارڈز کے حوالے سے، کسی اور حوالے سے اس میں چاہے حکومت کا ساتھ دیں یا نہ دیں، ہم اس صوبے کے عوام کا ساتھ دینے کے لئے تیار ہیں اور بالکل ہم اس سے کوئی اختلاف نہیں رکھتے ہیں، صرف یہ صوبائی حکومت کو میں مشورہ دیتا ہوں کہ آپ مہربانی کرکے Investors کو راغب کریں کے پی کے میں لانے کے لئے کوئی آپ کو رکاوٹ نہیں ڈالتا اور اپنے ریونیوز بھی Generate کرنے کی کوشش کریں، اپنے ریونیو پہ توجہ دیں اور ساتھ مرکزی حکومت سے تعلقات

استوار رکھیں، تو میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے یہ سارے مسائل حل ہو جائیں گے اللہ کرے کہ ہمارے صوبے کے مسائل حل کرنے میں سب لوگ دلچسپی لیں۔

جناب سپیکر: میں نلوٹھا صاحب! آپ سے ایک ریکویسٹ کروں گا کہ آپ اپنا اثر ور سوخ بھی استعمال کریں

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جی؟

جناب سپیکر: اپنے اثر ور سوخ استعمال کریں کیونکہ آپ پارٹی کے لیڈر ہیں کہ آج جو ڈی ایف آئی ڈی کا ایک Delegation آرہا تھا، اس کو این او سی مطلب یہ ایک بہت نامناسب بات ہے، تو میری ریکویسٹ ہو گی کہ آپ بھی یہ ایشو وہاں Take up کرلیں اور عنایت خان! آپ ایک دو ریزولیوشنز جو تمام معزز اراکین نے کہا تو ایک ریزولیوشن بنائیں۔ جی، عنایت خان۔۔۔۔۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سر! میری بات مکمل نہیں ہوئی ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی، جی، جی۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: عنایت خان صاحب بہت جلدی میں ہیں، سر! جو بھی میں نے کہا ہے، فلور پہ کہتا ہوں کہ پاکستان مسلم لیگ، خیبر پختونخوا صوبے کے جو بھی مسائل ہوں گے، جماعت اسلامی Raise کرے گی، تحریک انصاف Raise کرے گی، جے یو آئی Raise کرے گی، قومی وطن پارٹی، پیپلز پارٹی، اے این پی، تو ہم ان کے ساتھ ہیں، ہم کوئی اختلاف نہیں رکھتے ہیں، صوبے کے جتنے بھی مسائل ہوں گے، ان میں ہم بالکل ایک قدم بھی پیچھے نہیں ہٹیں گے، صرف یہ ہے جناب سپیکر صاحب! آپ سے بھی گلہ ہے کہ جب بھی کوئی صوبے کے مسائل کے حوالے آپ کوئی Point raise کرتے ہیں تو ہم آپ کے ساتھ ہوتے ہیں، اپنی تمام جماعتی وابستگی سے ہٹ کر آپ کا ساتھ دیتے ہیں لیکن افسوس سپیکر صاحب یہ ہوتا ہے کہ جب Point scoring کی بات ہوتی ہے، آپ دوسری جماعتوں کو بھول جاتے ہیں، آپ کورٹ میں جا کر کھڑے ہو جاتے ہیں اور آپ ہمیں نہیں پوچھتے ہیں، آپ کا یہ حق بنتا تھا کہ آپ اس مسئلے کو اگر آپ کو کورٹ جانے کی ضرورت تھی تو ہاؤس میں لے آتے، جس طرح آپ قرادادیں ہم سے پاس کرواتے رہیں، تمام سیاسی جماعتیں متفقہ طور پر سی پیک کے لئے قرار دادیں پاس کرتے رہے، ہم آپ کا ساتھ دیتے رہے، کبھی ہم نے اختلاف نہیں کیا لیکن جب آپ کورٹ میں گئے تو آپ کو ہمیں اعتماد میں لینا

چاہیئے تھا تمام سیاسی جماعتوں کو اعتماد میں لینا چاہیئے تھا، آیا اس میں یہ بات لانی چاہیئے تھی اور Consensus پیدا کرنے کے بعد پھر آپ کو کورٹ میں جانا چاہیئے تھا میں معذرت سے، اگر آپ کو میری بات، میں سمجھتا ہوں، بری نہیں لگے گی چونکہ آپ اس ہاؤس کے سپیکر ہیں اگر آپ بادشاہ ہیں تو پھر تو ظاہر بات ہے کہ آپ کو ضرور بری لگے گی یہ بات۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نلوٹھا صاحب! میں ایک بات کروں گا میں تھوڑی وضاحت، عنایت خان اس کو Explain کرے گا ہم نے میٹنگ کی تھی جس میں تمام پارلیمانی پارٹی لیڈرز کو بلایا گیا تھا جس میں تمام آئے تھے اور اس میں ہم نے متفقہ فیصلہ کیا تھا کہ اس پہ کورٹ میں جائیں گے نمبر ایک، نمبر دو بات یہ ہے کہ اسمبلی پانچ ریزولیوشنز پاس کرتی ہے اور پانچ ریزولیوشنز پاس کرنے کے بعد کوئی شنوائی نہیں ہوتی تو کدھر جائیں گے؟ میں تو Custodian of the House ہوں، میں تو اپنے ہاؤس کے لئے ہر حد تک جاؤنگا اور میں اس پہ اور بھی ایک قدم کیونکہ جو وہاں میں نے اپنا موقف اپنایا ہے، میں نے صرف جو ریزولیوشنز ہم نے پاس کیں اس کی روشنی میں میں نے اپنا موقف اختیار کیا ہے، میں اسمبلی کے اس کے مطابق ہوں عنایت خان پلیز۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سپیکر صاحب! مجھے اس پر اعتراض نہیں ہے، آپ کورٹ میں گئے ہیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ہیں جی؟

سردار اورنگزیب نلوٹھا: مجھے اعتراض یہ ہے، آپ ہاؤس کے ہم سب کے سپیکر ہیں، آپ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: آپ کو اس پورے ہاؤس نے بلا مقابلہ سپیکر منتخب کیا تھا اور ہم نے جب بھی آپ نے ضرورت محسوس کی، ہم نے آپ کا ساتھ دیا، آپ کو چاہیئے تھا کہ ہمیں بھی آپ اعتماد میں لیتے، آپ کو چاہیئے تھا کہ تمام سیاسی جماعتوں کو ساتھ لیکر جاتے۔

جناب سپیکر: میں نے تمام سیاسی جماعتوں کے ساتھ متفقہ بات کی تھی، مفتی! ایک منٹ، نلوٹھا صاحب! آپ اس میٹنگ میں نہیں تھے، مفتی فضل غفور صاحب بیٹھے تھے، اے این پی کے سید جعفر شاہ صاحب تھے، عنایت خان تھے، ہماری پارٹی کے تمام پارلیمانی لیڈرز آئے تھے، عنایت خان! پلیز۔

جناب عنایت اللہ {سینیئر وزیر (بلدیات)}: تھینک یو سر۔۔۔۔۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: صوبائی حکومت جو قرار دادیں پاس کراتی ہے-----

جناب سپیکر: جی۔

سینیئر وزیر (بلدیات): تھینک یو سر، میں اس پہ، ایک تو میں اس بات کی وضاحت اپنا فرض سمجھتا ہوں کہ صوبائی حکومت خود اسمبلی کے اندر مسائل نہیں اٹھاتی ہے، یہ حکومتی رولز آف بزنس، اسمبلی قواعد کے Spirit کے Against ہے کہ منسٹر اٹھ کر صوبائی مسائل فلور آف دی ہاؤس پہ اٹھائیں، اس کا پروسیجر یہ ہے کہ اپوزیشن ان کو پوائنٹ آؤٹ کرتی ہے، حکومت اس کو Respond کرتی ہے، اس میں اگر کوئی کمی کوتاہی رہتی ہے تو وہ صوبائی حکومت کی کمزوری ہے، اس کو ہم دور کریں گے، میں آپ کی توجہ چاہتا ہوں سپیکر صاحب! دوسری بات نلوٹھا صاحب نے کی کہ فیڈرل لیول پہ یہ مسئلہ نہیں اٹھایا گیا ہے، میں ان کے علم میں لانا چاہتا ہوں کہ فیڈرل لیول پہ سراج الحق صاحب، مولانا فضل الرحمان صاحب اور محمود خان اچکزئی اور آفتاب خان شیر پاؤ، انہوں نے Take up کیا ہے یہ ایشو، Interior Minister کے ساتھ ہمارے جو ایم این ایز ہیں، انہوں نے نادرا کے چیئرمین کے ساتھ یہ مسئلہ Take up کیا ہے، یہ بلاک شناختی کارڈ کا ایشو اور یہ تین مہینے پہلے ان کو یقین دہانی کرائی گئی تھی کہ یہ مسئلہ حل ہو گا لیکن مجھے یہاں بات اٹھانے کا موقع آیا کہ جب میں جاتا ہوں تو ہر روز "مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی، بس ہر روز ہزاروں کی تعداد، میں سینکڑوں کے تعداد میں شناختی کارڈ بلاک ہوتے ہیں اور پھر وہ دربدر کی ٹھوکریں کھاتے ہیں اس لئے میں نے مناسب سمجھا کہ اس فورم کو بھی استعمال کیا جائے، اس سے بھی بات اٹھائی جائے اور یہاں سے بھی بات چلی جائے اور اگر اس سے آگے نہیں ہوتا ہے تو میں نے یہ نہیں کہا کہ میں As a Minister میں نے کہا ہم سب ملکر Protest کریں گے، ہم سب ملکر Protest کریں گے اور ان بے سہارا اور بے بس لوگوں کو جو گھروں تک محسور ہو گئے ہیں، ان کی آواز پہنچائیں گے، جو چیک پوسٹ پہ نہیں گزر سکتے، جو ہسپتال نہیں جا سکتے ہیں، اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ اس پہ ایک ریزولیوشن پاس کی جائے اور اس ریزولیوشن کو میں نے ڈرافٹ کیا ہوا ہے، محمد علی کو میں نے بتا دیا تھا وہ میری طرف سے انہوں نے ڈرافٹ کی ہے، اس کی کاپی Distribute ہو گئی ہے جو دوسری آپ نے ریزولیوشن مجھے بتا دی ہے، اس کی بھی میں کاپی میں ڈرافٹ کر رہا ہوں وہ بھی ہم Circulate کریں گے اور میں بالکل ان کو ویلکم کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت

کی اگر کمزوریاں ہوں تو وہ اٹھائیں اور ہم As حکومت اور کیبنٹ منسٹرز اس پہ Respond کریں گے لیکن ہم صوبائی حکومت کے حوالے سے جو مسائل ہیں، وہ صوبائی کیبنٹ نہیں اٹھاتی ہے ٹریژری بنچز نہیں اٹھاتی ہے اور میرے خیال میں وہ بخوبی اپوزیشن کے لوگ کر رہے ہیں، کو ئسچنز لا رہے ہیں میں سمجھتا ہوں اپوزیشن کے اندر ایسے لوگ موجود ہیں، میں ان کو Appreciate کرتا ہوں کہ وہ حکومت کو Accountable ٹھہراتے ہیں جتنا وہ Effective Role ادا کریں گے اتنی حکومت زیادہ Accountable ہوگی کیونکہ یہ پارلیمانی نظام کا حسن ہے اور اسی سے پارلیمانی نظام Strengthen ہوگا۔

جناب سپیکر: ایک منٹ، آپ لوگوں کی دونوں ریزولیوشنز تیار ہو چکی ہیں؟

سینیئر وزیر (بلدیات): ایک تیار ہے اور دوسری تیار کر رہے ہیں۔

ڈاکٹر حیدر علی (پارلیمانی سیکرٹری برائے انسداد رشوت ستانی وصوبائی معائنہ ٹیم): جناب سپیکر!

جناب سپیکر: اچھا، آپ اس کو تھوڑا دوسرے سے وہ کروا دیں اور ڈاکٹر حیدر اور صاحبزادہ ثناء اللہ صاحب اس کے بعد میں کو ئسچنز آور شروع کروں گا، یہ صاحبزادہ ثناء اللہ صاحب ایک ریزولیوشن لانا چاہتے ہیں اور ڈاکٹر صاحب! اس کے بعد آپ بات کر لیں گے، جی صاحبزادہ ثناء اللہ صاحب!

صاحبزادہ ثناء اللہ: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! -----

جناب سپیکر: صاحبزادہ ثناء اللہ، Rule suspension کے لئے آپ ریکویسٹ کرلیں۔ آپ پہلے Rule suspension کے لئے ریکویسٹ کریں۔

قاعدہ کا معطل کیا جانا

صاحبزادہ ثناء اللہ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! میں چونکہ ایک قرارداد لانا چاہتا ہوں لہذا قاعدہ 240 کے تحت قاعدہ 124 کو معطل کیا جائے اور مجھے قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that rule-124 may be relaxed under rule 240 to allow the honorable Members to move their resolution? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: 'Ayes' have it. Please, Sahibzada Sanaullah Sahib.

قرارداد

صاحبزادہ ثناءاللہ: شکریہ جناب سپیکر! گزشتہ دنوں گڈانی شپ یارڈ واقعہ میں خیبر پختونخوا کے چھبیس افراد شہید ہوئے اور اٹھاون افراد غریب مزدور تشویشناک حالت میں کراچی کے مختلف ہسپتالوں میں زیر علاج ہیں، بعض مزدور مکمل طور پر معذور ہوئے ہیں، مرکزی حکومت، صوبائی حکومت، بلوچستان اور شفٹ مالکان نے غریب لوگوں اور ان کے لواحقین کو ابھی تک کوئی معاوضہ نہیں دیا ہے، لہذا یہ صوبائی اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ مرکزی حکومت، صوبائی حکومت بلوچستان اور شفٹ مالکان سے معاوضے کی سفارش کرے۔

جناب سپیکر:۔ یہ ریزولیوشن آپ سب نے پڑھ لی، میں اس کو ہاؤس کے سامنے رکھتا ہوں۔

Is it the desire of the House that the resolution, moved by the honorable Member may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is passed unanimously. Ji, Dr. Haidar Ali, please.

پارلیمانی سیکرٹری برائے انسداد رشوت ستانی و صوبائی معائنہ ٹیم: شکریہ جناب سپیکر صاحب، میں عنایت خان کا انتہائی مشکور ہوں اور ان کو داد دیتا ہوں کہ انہوں نے کل سے دو بڑے National importance کے ایشوز کو فلور پر اٹھایا ہے۔۔۔۔

جناب سپیکر: ڈاکٹر حیدر، جی۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے انسداد رشوت ستانی و صوبائی معائنہ ٹیم: یہ جو ایشوز ہیں، یہ کسی پارٹی کے نہیں ہیں بلکہ ہمارے صوبے سے متعلق ہیں اور ہم سب کے ایشوز ہیں۔ ایک طرف تو وفاق پاکستان، اگر ہم پسماندہ ہیں، ہم جنگ زدہ ہیں، وہ یہ تسلیم کرتے ہیں اور اسی بنیاد پہ لوگوں کو منع کرتے ہیں کہ ادھر نہ آئیں لیکن دوسری طرف بجائے اس کے کہ ہمیں اضافی پیکج دے رعایتی بلکہ جو پیکج ہمیں پہلے ملا تھا، اس کو بھی Withdraw کر گئے ہیں اور خود بھی کچھ نہیں دیتے۔ جب ہم لوگوں کو راغب کرتے ہیں اور انٹر نیشنل کمیونٹی یہاں پہ آکر ہمیں اس دلدل سے نکالنے کی کوشش کرتی ہے تو ایک ویزہ تو اپنے ملک میں لگاتے ہیں ادھر پاکستان پہنچنے تک اور اسلام آباد میں ایک دوسرا ویزہ لگانے کی ضرورت پڑتی ہے، یہ پاکستان کے اندر

ہمارے ساتھ جو امتیازی سلوک ہے، سوتیلی ماں جیسا سلوک ہے۔اسی طرح پسماندگی کے حوالے سے سی پیک جو کہ چائنا میں پسماندہ علاقوں سے اسی لئے گزر رہا ہے کہ ان کی پسماندگی دور ہو،اس سے بھی ہمیں محروم رکھا جارہا ہے۔جو ہمارے واجبات ہیں وفاق کے اندر، وہ بھی ہمیں نہیں دے رہے سیاسی بنیادوں پہ اور جو ہم کوشش کرتے ہیں کہ اس کے لئے ایک جنگ لڑیں تو اس میں بھی رکاوٹیں ڈالتے ہیں اور پاکستان کے اندر ایک اور ملک جیسا ہمارے ساتھ سلوک روا رکھا جاتا ہے، ہم تو پشاور میں بھی جب وہاں تک جاتے ہیں تو دس پھاٹکوں سے گزرتے ہیں، ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب جب فریاد لیکر اسلام آباد پہنچتے ہیں تو ان کو بھی بلاک کرتے ہیں اور باہر سے بھی اگر کوئی اس صوبے میں آنا چاہے تو ان کو بھی بلاک کیا جاتا ہے، یہ رویہ اگر ایک صوبے کے ساتھ اور چھوٹے صوبوں کے ساتھ وہ روا رکھتے ہیں اور جاری رکھتے ہیں تو اس کے نتائج ایک دفعہ ہم بھگت چکے ہیں، وہ بھی وفاق پاکستان کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے یہ ملک دولخت ہو چکا ہے اور اب بھی وہ اپنے باقی تمام چھوٹے بھائیوں کے ساتھ ایسا سلوک اگر رکھتے ہیں تو اگر باپ بھی بیٹوں میں امتیازی سلوک روا رکھتا ہے، وہ گھر نہیں چلتا، تو اگر کسی ملک میں مسلسل یہ امتیازی سلوک ہو تو مجھے نہیں پتہ، اللہ خیر کرے کہ کیا ہو گا؟ بہت شکریہ۔

جناب سپیکر: اچھا، یہ ریزولیوشن آپ لوگوں نے پڑھ لی ہے ساری، تو میں تھوڑی دیر بعد پھر اس کو لیتا ہوں اس ریزولیوشن کو، میں ابھی کوئسچنز آور کی طرف جاؤں گا۔ایک Personal explanation کرنی ہے ملک شاہ محمد نے، وہ Personal explanation پہ بات کر سکتے ہیں، ملک شاہ محمد!

ذاتی وضاحت

جناب شاہ محمد خان (معاون خصوصی برائے ٹرانسپورٹ): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریه جناب سپیکر صاحب، چې تاسو ماته ټائم راکړو۔ پرون زه نه ووم اسمبلئی کښې جناب سپیکر صاحب! زه چائنا کښې وومه، یو کوئسچن راغلے دے د بنوں متعلق د بنګلې چې هغې کښې شاه محمد دے او دده ورور دے، هغه ته غیر قانونی الاټ شوے دے، جناب سپیکر! انشاء الله زه د حکومت حصه یمه او زما ورور چې دا کوم تکلیفات دی یا خدشات ظاهر کړی دی، ما هر څه کړی دی، بنګله به ماته الاټ وی خو په قانون باندې الاټ ده، د خپل چیف منسټر، د لاء ډیپارټمنټ

راسره، د ډی سی راسره، هغوی ټولو راسره قانونی تقاضې ما پوره کړې دی، ولې چی زه هلته کښنی ډیډک چئیرمین هم یم او دا نوې چې پینځه بنګلې راغلې دی، دا پینځه بنګلې ما جوړې کړې دی، فنډ ما ورته صوبائی حکومت نه منظور کړے دے، زه ډیډک چئیرمین ووم، هلته کښې د Accommodation کمے وو او زما دفتر هغه ډسټرکټ چی کوم ناظم دے هغوی ته خالی شو، د سی ایم آرډر وو او ما Obey کړلو، نو یوه بنګله په دې نوی کښنی سی ایم ډائریکټیو کړې ده چې دوی ته دفتر ورکړئ، د ناظم اعلیٰ دفتر ته مخامخ زما دفتر دے، هغې باندې کار شروع دے خو بیا هم دېکښنی که چیرې زما نه هاؤس رینټ کټ کیږی، زه به تیار ووم، که هغې Payment وی زه به ئے کوم، زه به د قانون خلاف ورزی چرته نه کوم خو سپیکر صاحب د دوئ خبرې وضاحت کول غواړم،زمونږ ګران ورور چې دے هغوی سره پردئ بنګلې، دلته د اے پی اے بنګله هم ده، دلته تحصیلدار دے، دلته نور خلق دی، هغې باندې څوک غرض نه ساتی،ددوئ کسان پینځو کالو، لسو کالو راهسې دی، ما په هغوی سیال غرض نه دے ساتلے د هغوی هیڅ عهدې نه وې، په دې لسټ کښې هم شته خو زه افسوس دا کوم چې منډان ویال وائی ورته، په سوؤنو دوکانونه پرې جوړ دی نو زمونږ دا درویشانو حکومت وو، هغه ژاړی، هغوی ایګریکلچر لینډ تباه شو خو دوئ هغه منډان ویال نیولے دے، هائی کورټ فیصله کړې ده نو هغې باندې عمل نه شی Encroachment باندې، پهلا زما دا سوال دے او بل دا چې زمونږ سابقه چې درویش وزیراعلیٰ وو، په هغې ټائم کښې عنایت الله خان صاحب هم وو، یو ایګزیکټیو آرډر ئے کړے دے چې چیف منسټر ته به تاحیات ټول مراعات حاصل وی، ما سی ایم صاحب ته وئیلی دی چې زمونږ حکومت ته پکار ده چې دا غلط یو رواج جوړ شوے دے، ایګزیکټیو آرډر پاس شوے دے، نه ئے دا اے این پی والا استعمالوی، زه حیدر هوتی ته سلام پیش کوم او نه زمونږ چیف منسټر په حکومت کښې دننه نه استعمالوی پروټوکول، او سابقه درویش وزیراعلیٰ چې دے هغه پینځه پینځه ګاډی روان کړل، د مرکز نه ګوشې پروټوکول وی، د صوبې نه ګوشې پروټوکول وی او په بنوں کښې پولیس یو قافله روانه وی او دا سائرنې

وی، نو زما سوال دے جی یو دا غلط شے واپس شی، منهٔ ان ویال تجاوزات دې ختم شی او زه به د قانون نه غلط چرته هم نه ځمه۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ کوئسچن نمبر 3761, 366، ایک منٹ جی، وہ چونکہ Personal explanation میں کیا ہے درانی صاحب، جی جی، جی جی، دیکھو Cross، مطلب یہ ہے کہ کل آپ نے بات کی تھی اسمبلی کے فلور پہ۔۔۔

جناب اعظم خان درانی: نو سپیکر صاحب! دا هم ورته اووایه کنه چې دوئ به ئے هم نه اخلی۔

نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، وہ تو کمیٹی میں چلا گیا ہے نا، وہ تو کمیٹی میں چلا گیا ہے، کمیٹی میں سب کچھ Explain ہو جائے گا نا، وہ تو کمیٹی میں چلا گیا ہے ویسے ہی، مفتی سید جانان! 3761،(موجود نہیں)، 3777، فخر اعظم۔

* 3777 _ جناب فخر اعظم وزیر: کیا وزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) سال 2013ء تا 2016ء خلیفہ گل نواز ہسپتال اور سول ہسپتال بنوں کو کتنا فنڈ دیا گیا، نیز مذکورہ فنڈ کہاں اور کس پراجیکٹ میں استعمال ہوا ہے، اس کی تفصیل ہسپتال وائز فراہم کی جائے؟

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت وانفارمیشن ٹیکنالوجی)}: (الف) سال 2013ء تا 2016ء خلیفہ گل نواز تدریسی ہسپتال، پی آئی یو خلیفہ گل نواز تدریسی ہسپتال اور ڈسٹرکٹ ہیڈ کواٹر تدریسی ہسپتال بنوں کو دیئے گئے فنڈز کی تفصیل درج ذیل ہے:

خلیفہ گل نواز تدریسی ہسپتال

سال	فنڈز
2013-14	307.902ملین
2014-15	403.215ملین
2015-16	444.772ملین

PIU خلیفہ گل نواز تدریسی ہسپتال

سال	فنڈز
2013-14	4.00ملین
2014-15	7.50ملین
2015-16	4.00ملین

ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال

سال	فنڈز
2013-14	141.476ملین
2014-15	194.762ملین
2015-16	189.380ملین

(مذکورہ بالا فنڈز کے استعمال کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)۔

جناب فخر اعظم وزیر: شکریہ جناب سپیکر، میرا کوسچن ہے کہ 2013ء سے لے کر 2016ء تک خلیفہ گلنواز ہسپتال اور سول ہسپتال بنوں کو کتنا فنڈ دیا گیا؟

(شور)

جناب سپیکر: پلیز، آرڈر آرڈر، پلیز آپ لوگ بیٹھ جائیں، پلیز۔

(شور)

جناب سپیکر: نلوٹھا صاحب! پلیز آپ تشریف رکھیں جی۔ فضل الہیٰ، محب اللہ صاحب آپ پلیز بیٹھ جائیں۔

(شور)

جناب سپیکر: محب اللہ صاحب، پلیز آپ بیٹھ جائیں، پلیز آپ بیٹھ جائیں۔ ہاؤس 'ان آرڈر' کریں، پلیز، آپ بیٹھ جائیں پلیز۔ جی فخر اعظم صاحب۔

جناب فخر اعظم وزیر: سر! میرا کوسچن ہے کہ 2013ء تا 2016ء خلیفہ گل نواز ہسپتال اور سول ہسپتال بنوں کو کتنا فنڈ دیا گیا، نیز مذکورہ فنڈ کہاں اور کس پراجیکٹ میں استعمال ہوا، اس کی مکمل تفصیل ہسپتال وائز

فراہم کی جائے؟ جناب سپیکر صاحب! انہوں نے کچھ تفصیلات تو دی ہیں لیکن میرا جو کوئسچن ہے کہ کتنا فنڈ دیا گیا اور اس کو کس طرح خرچ کیا گیا؟ تو انہوں نے یہاں پر کچھ دی ہیں تفصیلات اور میرے پاس جو تفصیل موجود ہے، وہ اس طرح ہے کہ، میں 2015 اور سال 2016 کی کچھ تفصیل آپ کو دوں گا، یہ سیلری اور نان سیلری کی بات کروں گا۔ جناب سپیکر صاحب! سیلری میں 27 کروڑ 81 لاکھ 81 ہزار روپے دیئے گئے ہیں جن میں جو خرچ ہوئے ہیں وہ 22 کروڑ 52 لاکھ 97 ہزار 712 ہیں اور اس میں جو Lapsed ہوئے ہیں، وہ 5 کروڑ 11 لاکھ 61 ہزار 373 ہیں تو جناب سپیکر صاحب! یہ سیلری کی بات کر رہا ہوں 2015 اور 2016 کے اس میں 5 کروڑ 11 لاکھ روپے Lapse ہوئے ہیں، اسی طرح نان سیلری میں 16 کروڑ 81 ہزار، 81 لاکھ، سوری، 91 ہزار کے نزدیک ان کو دیئے ہیں جن میں Equipment کے آتے ہیں اور اس میں 10 کروڑ 68 لاکھ روپے کے قریب خرچ ہوئے ہیں اور 6 کروڑ 13 لاکھ روپے کے قریب واپس ہوئے ہیں، تو کل ملا کے یعنی کہ کل 44 کروڑ 45 لاکھ 72 ہزار روپے کل دیئے گئے ہیں، 2015 اور 2016 میں اور اس میں 33 کروڑ اور 29 لاکھ کے قریب خرچ ہوئے ہیں اور 11 کروڑ 24 لاکھ کے قریب واپس ہوئے ہیں۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ۔

جناب فخر اعظم وزیر: جناب سپیکر صاحب، میں آگے اس بات کو کہوں گا کہ یہ کیوں واپس ہوئے ہیں؟ یہ اس لئے واپس ہوئے ہیں کہ ہمارے منسٹر صاحب کو بھی پتہ ہو گا کہ دو سال تک گورننگ باڈی، جس کو BOG کہتے ہیں، بورڈ آف گورنرز ابھی تک نہیں بنا دو سال تک، تو دو سال تک جب وہ نہیں بنا تو اس وجہ سے سارا فنڈ Lapse ہوا ہے کیونکہ خلیفہ گل نواز ہسپتال میں، خلیفہ گل نواز ہسپتال میں کل۔۔۔

جناب سپیکر: آپ دیکھیں، آپ نے کوئسچن کیا ہوا ہے، اگر آپ کے کوئی سپلیمنٹری کوئسچنز ہیں تو آپ تقریر کریں، پلیز آپ جو ہے نا، شہرام خان! آپ کا کوئسچن آپ کے پاس ہے، آپ ان کو ریسپانڈ کریں پلیز، جی شہرام خان!

سینئیر وزیر (صحت وانفارمیشن ٹیکنالوجی): شکریہ سپیکر صاحب، ایم پی اے صاحب نے جس طرح سوال کیا ہے کہ جی 2013 سے 2016 تک کتنے پیسے، کہاں، پوری تفصیلات ان کو دی گئی ہیں، I don't

know کہ ان کے پاس جو پیپر ہے، میں نے دیکھا نہیں ہے تو میں اس پہ کوئی کمنٹ نہیں کر سکتا لیکن جو سوال انہوں نے کیا ہے، ڈیپارٹمنٹ نے پوری ڈیٹیل ان کو دی ہے۔ 2013 سے 2016، تک، اس میں جو جو کوئسچن ہے پورے فگرز ساری چیزیں ہیں، اگران کا کوئی ایڈیشنل سوال ہے، ایک تو میری ریکویسٹ ہو گی کہ اگر کوئی ایکسٹرا سوال ہے تو دوبارہ سوال کر لیں، اس کے علاوہ اگر ان کو کوئی مسئلہ ہے تو ڈیپارٹمنٹ کے لوگ بیٹھے ہوئے ہیں، ان کے ساتھ ہم بیٹھ سکتے ہیں اور اس کو ہم ڈسکس کر سکتے ہیں کہ ان کے کیا ایشوز ہیں؟ یا کیا ہے، جو سوال ہے اس کا جواب بالکل کلیئر ہے جی۔

جناب سپیکر: جی جی، فخر اعظم صاحب!

جناب فخر اعظم وزیر: جناب سپیکر صاحب! اگر آپ اسی سوال کو دیکھیں، یہ میرا دوسرا سوال آج کے ایجنڈے میں موجود ہے، وہاں پر یہ خود کہتے ہیں کہ ہم نے اتنے روپے واپس کئے ہیں، یہ آپ کوئسچن نمبر۔۔۔

جناب سپیکر: جلدی کریں فخر اعظم صاحب، جلدی کریں پلیز۔

جناب فخر اعظم وزیر: کوئسچن نمبر 3752، اس میں یہ خود کہتے ہیں کہ ہم نے 2015 اور 2016 میں 444 پوائنٹ 772 ملین روپے دیئے ہیں اور 204 صرف خرچ کئے ہیں، یہ خود کہہ رہے ہیں اور یہاں پر۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ دوسری۔

جناب فخر اعظم وزیر: میں نے اس کی تفصیل دی ہے کہ کس طرح انہوں نے خرچ کئے ہیں اور کس طرح واپس ہوئے ہیں؟ اب یہ جو۔

جناب سپیکر: نہیں، آپ دوسرے کوئسچن میں چلے گئے ہیں، 3752۔

جناب فخر اعظم وزیر: میں ان کی ایک بات کا جواب دے رہا ہوں، ان کی بات کا جواب دے رہا ہوں کہ ان کے جو Lapse ہوئے ہیں۔۔۔

جناب سپیکر: آپ اس طرح کریں، ایک منٹ، ایک یہ ہے کہ آپ اگر اس پر بحث کرنا چاہتے ہیں، اس کے لئے آپ نے نوٹس دینا ہو گا، یہ دوسرے کوئسچن میں ہے، یہ کوئسچن میں چلے گئے ہیں، 3752 میں تو آپ دونوں کا ایک ساتھ جواب دیدیں، اس نے حوالہ دیا۔

جناب فخر اعظم وزیر: سر! مجھے بات کمپلیٹ کرنے دیں، تو یہاں پر یہ خلیفہ گل نواز میں کل ایک ہزار 29 پوسٹیں ہیں، اس میں 25 ایس ایم یو کے اور پانچ سینیئر رجسٹرار اور سولہ جونیئر رجسٹرار، یہ کل 1029 پوسٹیں ہیں، ان میں سے 681 انہوں نے Fill کی ہیں اور 348 کے قریب۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: فخر اعظم صاحب۔

جناب فخر اعظم وزیر: ابھی تک، نہ کریں سر، ہمیں بولنے دیں سر، یہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: پلیز، کوئیک، کوئیک، ٹائم کم ہوتا ہے نا، ٹائم کے مطابق کریں نا، پلیز جلدی، اپنی بات جلدی۔

جناب فخر اعظم وزیر: ہاں سر، تو یہ کیوں، کیونکہ ابھی تک گورننگ باڈی، بورڈ آف گورنرز ابھی انہوں نے نہیں بنایا، تو یہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شہرام خان! پلیز آپ اس کو ریسپانڈ کریں گے۔

جناب فخر اعظم وزیر: اور اس کی وجہ سے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: دونوں کوئسچنز، ایک منٹ، فخر اعظم۔

جناب فخر اعظم وزیر: اس کی وجہ سے وہ تو ہو گیا ہے اور ان کا اتنا بڑا خدشہ وہ یہ ہے۔۔۔

جناب سپیکر: فخر اعظم صاحب، آپ پلیز۔

جناب فخر اعظم وزیر: سر، مجھے کچھ بولنے دیں سر!

جناب سپیکر: یار! یہ اس طرح نہیں ہوتا، اس طرح نہیں ہوتا، آپ نے کوئسچن کیا ہے، وہ ریسپانڈ کریں گے۔

جناب فخر اعظم وزیر: ٹھیک ہے سر، ذرا ریسپانڈ کریں۔

سینیئر وزیر (صحت وانفارمیشن ٹیکنالوجی): دیکھیں بالکل، کیونکہ اب دوسرے سوال پہ چلے گئے ہیں۔ دوسرے سوال کی جو ڈیٹیل ہے وہ بالکل واضح ہے۔ جہاں تک ایم پی اے صاحب بات کر رہے ہیں کہ بورڈ آف گورنرز، تو بورڈ آف گورنرز بن چکا ہے، اس کا نوٹیفیکیشن ہو چکا ہے اور یہ اسی وجہ سے ہوا ہے کہ وہاں پہ ہم نے ان کو ایم ٹی آئی ایکٹ کے تحت ایک بوڈر آف گورنرز کو ہم نے بنایا، ابھی ان کی پہلی میٹنگ ہے اور ان شاء اللہ جو ان کے ایشوز ہیں، سٹاف کے علاوہ یا کوئی اور ہے، وہ بورڈ آف گورنرز کی

Responsibility ہے کہ وہ اس کو Sort out کریں گے تو ان شاءاللہ وہ مسئلہ حل ہو جائے گا، اس میں کوئی ایشو بھی نہیں ہو گا ان شاءاللہ۔

جناب سپیکر: تو آپ ان کے ساتھ بیٹھ بھی جائیں، فخر اعظم صاحب اور یہ آپ کے سیکرٹری صاحب بھی ادھر ہیں تو آپ دونوں، یہ آپ کا کوئسچن نمبر 3777 اور 3752۔۔۔

جناب فخر اعظم وزیر: آپ مجھے موقع دیں، میں اس پہ بات کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: جی؟

جناب فخر اعظم وزیر: جناب، مجھے اجازت دی جائے۔

جناب سپیکر: آپ دیکھیں جی، اسمبلی آگے بھی چلانی ہے نا، آپ کا کوئسچن کر دیا، منسٹر صاحب آپ کے ساتھ بیٹھ جائیں اور جو جو ایشوز ہیں ان کو ڈسکس کر لیں۔

جناب فخر اعظم وزیر: اگر اس کو آپ کمیٹی کے حوالے کر دیں تو ٹھیک ہے سر۔

جناب سپیکر: اگر آپ چاہتے ہیں تو میں اس کے اوپر ووٹ کرتا ہوں۔

جناب فخر اعظم وزیر: نہیں نہیں، اگر اس کو آپ کمیٹی کے حوالے کر دیں تو ٹھیک ہے سر، پھر میں مان جاؤں گا اگر کمیٹی کے حوالے کر دیں۔

جناب سپیکر: جی شہرام خان۔

سینیئر وزیر (صحت): میں پھر Repeat کرتا ہوں کہ خواہ مخواہ اگر کمیٹی بھیجنا ہے اور اس میں کوئی ایکسٹرا کوئی کام ہو جائے گا تو ایسی بات نہیں ہو گی، جو ڈیٹیلز آپ نے مانگی ہیں، وہ دی گئی ہیں، جہاں تک آپ بورڈ آف گورنرز کی بات کرتے ہیں۔۔۔۔

جناب فخر اعظم وزیر: یہ دیکھیں جی، اس میں اگر کمیٹی کو۔۔۔۔

جناب سپیکر: فخر اعظم صاحب، پلیز آپ چیئر کو ایڈریس کریں، آپ ایک سینیئر پارلیمنٹیرین ہیں، آپ ڈائریکٹ کوئی Decision نہ کریں۔

جناب فخر اعظم وزیر: نہیں سر، میں ذکر کرتا ہوں سر!

جناب سپیکر: آپ کیا کہتے ہیں کہ اس کو میں ہاؤس کے سامنے رکھ دوں؟

جناب فخر اعظم وزیر: نہیں سر، آپ کمیٹی کے حوالے کر دیں تو میرا کوئی وہ نہیں ہے۔

جناب سپیکر: میں ہاؤس کے سامنے ڈالوں گا کہ وہ کمیٹی کو حوالہ کرنا چاہتے ہیں کہ نہیں چاہتے؟

جناب فخر اعظم وزیر: ٹھیک ہے سر، آپ ہاؤس کے سامنے ڈال دیں۔

جناب سپیکر: جی شہرام خان، یہ کس لئے ہے؟

جناب فخر اعظم وزیر: جناب سپیکر، میں یہ کہتا ہوں کہ ہمارے پاس بنوں میڈیکل کالج میں ایک پروفیسر ہے اور وہ بھی اس سال ریٹائر ہونے والا ہے سر، تو میں کہہ رہا ہوں کہ ہمیں کچھ دیں سر، ہمارے وہاں جو بنوں میڈیکل کالج اگر بند ہو گیا تو خلیفہ گل نواز ہسپتال بھی بنجر ہو جائے گا، تو اس کو کمیٹی کے حوالے کر دیں تاکہ اس کا مکمل ازالہ ہو جائے، تو ٹھیک ہے پھر میں مان لیتا ہوں۔

جناب سپیکر: فخر اعظم صاحب، آپ ان کے ساتھ بیٹھ جائیں، یہ آپ کے ساتھ ایشو Take up کرے گا، میں یہاں سے باقاعدہ انسٹرکشنز دیتا ہوں یہاں سے کہ یہ آپ کے ساتھ بیٹھ کے، کمیٹی میں آپ کس لئے جانا چاہتے ہیں؟

جناب فخر اعظم وزیر: نہیں سر، میں تو اپنا ازالہ کرنا چاہتا ہوں، اپنی قوم کا سر، آپ اس کو کمیٹی کے حوالے کر دیں تو بس ٹھیک ہے سر، میں مان جاؤں گا سر۔ میرا سر یہ Respectable Minister ہیں، میں اس کی Respect کرتا ہوں سر، میرا ازالہ کریں، میری قوم کا ازالہ کریں سر۔

جناب سپیکر: پلیز، شہرام خان! بتائیں جی، اتنا ٹائم نہیں ہوتا۔

سینیئر وزیر (صحت): میں جی بالکل کلیئر کہہ رہا ہوں، مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔

جناب سپیکر: نہیں، آپ چاہتے ہیں کہ کمیٹی میں ڈالیں یا کیا کریں؟

سینیئر وزیر (صحت): کمیٹی میں جانے کا کوئی جواز ہی نہیں ہے، مجھے یہ سمجھ نہیں آرہی، بورڈ آف گورنرز بن چکا ہے، نوٹیفکیشن ہو چکا ہے، آپ اگر چاہتے ہیں اور بنوں کے باقی جو ممبرز ہیں، وہ چاہتے ہیں کہ وہاں بورڈ آف گورنرز کے ساتھ بیٹھنا چاہتے ہیں کیونکہ ان کا ضلع ہے، بالکل ان کے ساتھ بیٹھ کے وہ ایشو ڈسکس کر لیں گے۔

جناب سپیکر: جی درانی صاحب، درانی صاحب۔

جناب اعظم خان درانی: شکریہ جی، یہ بہت اہم مسئلہ ہے، اس میں اصل مسئلہ ہے کہ اس میں پوسٹیں زیادہ خالی ہیں، اس میں اپوائنٹمنٹس نہیں ہوئی ہیں، اس میں ڈاکٹرز، پروفیسرز، ایل ایچ ویز کی جتنی بھی پوسٹیں ہیں، بہت زیادہ خالی پڑی ہوئی ہیں۔ یہ جو سیلریز میں پیسے بچ جاتے ہیں اور اس میں خرچ نہیں ہوتے، یہ اصل مسئلہ ہے کہ اس میں اپوائنٹمنٹس ہونی چاہئیں، ڈاکٹرز کم ہیں۔

جناب سپیکر: یہ کہتے ہیں کہ Vacant posts۔

جناب اعظم خان درانی: Vacant posts بہت زیادہ ہیں، صحت میں بہت زیادہ ہیں ویکنٹ پوسٹیں ہیں۔

جناب سپیکر: جی شہرام خان، وائنڈاپ کریں، پلیز۔

سینیئر وزیر (صحت): میں وائنڈاپ کرتا ہوں، بالکل وہاں پہ کچھ Hiring ہوئی ہے اور کچھ ہمیں چونکہ ابھی بورڈ آف گورنرز بن گیا ہے، بورڈ آف گورنرز یہ ایشو Resolve کردے گا۔ ان کا ایچ پی Already پہلے سے منظور ہے اور ان کا سٹاف ابھی بورڈ آف گورنرز Hire کرلے گا انشاءاللہ تو ان کے سارے ایشوز جو سٹاف کے حوالے سے ہیں، وہ Sort out ہو جائیں گے انشاءاللہ اور یہ بورڈ آف گورنرز بنایا ہی اسی وجہ سے ہے کیونکہ ٹوٹل اٹانومی ہو اور وہیں پہ بیٹھ کے وہ اپنے Decision لے سکے جو اس ہسپتال کے لئے بہتر ہیں اور بورڈ آف گورنرز Fully autonomous ہے، فنانشل اور ایڈمنسٹریٹو دونوں اٹانومی ہیں ان کے پاس، تو انشاءاللہ یہ ایشو ان کا بہت جلد Resolve ہو جائے گا کچھ Specialties میں جو لوگ نہیں ہیں، وہ Sort out ہو، جائیں گے۔

جناب سپیکر: اوکے، نیکسٹ، نیکسٹ، یہ آپ کی اسمبلی کے فلور پہ انہوں نے کہا ہے، اگر آپ کو پھر وہ ہو تو آپ اسمبلی پہ لا سکتے ہیں۔

جناب فخر اعظم وزیر: جناب سپیکر! میں۔۔۔۔

جناب سپیکر: دیکھیں، آپ کیا کریں گے کہ اس نے آپ کو ساتھ فلور کے اوپر کہا ہے، کچھ تو چیزوں کو سمجھا کریں، اس نے کہا ہے اگر آپ کا۔۔۔

جناب فخر اعظم وزیر: نہیں، جناب سپیکر!۔۔۔

جناب سپیکر: اگر آپ کا مسئلہ حل نہیں ہوتا تو فلور پہ پھر اٹھیں، میں آپ کو سپورٹ کروں گا۔ ٹھیک ہے جی، نہیں منسٹر صاحب ان کے ساتھ بیٹھ جائیں گے، منسٹر صاحب ان کے ساتھ بیٹھ جائیں گے۔ منسٹر صاحب! آپ نے ان کے ساتھ بیٹھنا ہے اور جو جو ایشوز ہیں، آپ ان سے Settle کر لیں پلیز۔ مفتی سید جانان، 3771اور مفتی فضل غفور، 3817۔

* 3817 _ مفتی فضل غفور: کیا وزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ متحدہ مجلس عمل دور میں پشاور انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی منظور کیا گیا تھا;

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ انسٹی ٹیوٹ کا تعمیراتی کام مکمل ہے، صرف Functional کروانا باقی ہے;

